Inter-(Part-II)-A-2022

Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

# اُردو لازمی (انشائیہ)

گروپ-I

وقت: 2:30 گھنٹے

کل نمبر=80

## حصّہ اول

2 - (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (8+1+1=10)

کہاں بندگانِ ذلیل اور کہاں وہ ...... بسر کرتے ہیں بے غمِ قوت و ناں وہ
پہنتے نہیں جز سمور و کتاں وہ ...... مکاں رکھتے ہیں رشکِ خُلدِ جناں وہ

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (3+3+3+1=10)

دنیا میں جب تلک کہ میں اندوہ گیں رہا ...... غم دل سے اور دل سے میرے غم، قریں رہا
رونے سے کام بس کہ شب اے ہم نشیں رہا ...... آنکھوں پہ کھینچتا میں، سرِ آستیں رہا
نازک مزاج تھا میں بہت اس چمن کے بیچ ...... جب تک رہا تو خندۂ گل سے حزیں رہا

## حصّہ دوم

3 - درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ سیاق و سباق کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنّف کا نام بھی لکھیے۔ (10+3+1+1=15)

(الف) الغرض ہمت اور تحمل ان سب کو جنگلوں اور پہاڑوں میں لے گئے۔ کانوں کا کھودنا، اتار چڑھاؤ ہموار کرنا، تالابوں سے پانی سینچنا، دریاؤں کی دھاروں کا رُخ پھیرنا، سب سکھایا۔ لوگوں کے دلوں پر اس کی بات کا ایسا اثر ہوا تھا کہ سب دفعۃً کمریں باندھ، آنکھیں بند کر، دیمک کی طرح رُوئے زمیں کو لپٹ گئے۔ عالمِ صورت چند روز میں رنگ نکال لایا مگر نئے ڈھنگ سے یعنی ساری زمین شہر، قصبوں اور گاؤں سے بھر گئی۔

(ب) بہت زمانے تک مواصلات یا پیغام رسانی کا کام کبوتروں سے بھی لیا گیا۔ خط اس کی گردن میں یا اس کے بازو میں باندھ دیا جاتا اور وہ اسے منزلِ مقصود پر پہنچا دیتا۔ ان کے ذریعے سیکڑوں سال تک پیغام رسانی ہوئی۔ انھیں پہلی بار کس نے استعمال کیا، اس کا تو علم نہیں مگر یہ بات تاریخ کی کتابوں میں بہ کثرت موجود ہے کہ مسلمان حکمرانوں نے انھیں پورے بلادِ اسلامیہ میں استعمال کیا ہے۔ شامِ، عراق، مصر اور ایران وغیرہ میں۔ ہندوستان کے مغل فرماں روا جہانگیر نے بھی اس کام کے لیے کبوتر پال رکھے تھے۔

4 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنّف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (9+1 =10)

(i) مولوی نذیر احمد دہلوی (ii) دستک

5 - اسرار الحق مجازؔ کی نظم " نوجوان سے خطاب " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

6 - درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(i) شجر کاری کی ضرورت و اہمیت۔

(ii) بچپن ایک سنہری دور۔

(iii) قومی اتحاد۔

7 - اخبار کے مدیر کے نام، شہر میں گداگری کے بڑھتے رجحان کے بارے میں خط لکھیے۔ (10)

602-12-S-33040